نے اشکال کے ایک سو نوے جوابات قلمبند کئے ہیں۔ فنی انداز میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شخصیت، کمالات اخلاق وعادات مضمرات وتعلیمات، غرض ہر ہر پہلو سے تمام انبیاء اور مخلوقات پر فضیلت ثابت کی گئی ہے۔ کتاب کے متنوع موضوعات کی فہرست ۳۰ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے۔ فاضل مصنف کو خدا نے عمیق فنی مباحث اور علوم پر تالیف وتصنیف کا ملکہ دیا ہے اور وہ مواد کا ایک ذخیرہ جمع کر دیتے ہیں ان کے مطبوعہ وغیر مطبوعہ تصانیف چالیس تک پہنچ چکے ہیں، جس میں آدھی تعداد فلکیات ونجوم اور ریاضی جیسے ادق مباحث سے متعلق ہیں اور ہمیں ایک گونہ اس لحاظ سے فاضل مصنف کی ذات پر فخر بھی حاصل ہے کہ انہوں نے تحصیل علم کا ایک اہم دور دارالعلوم حقانیہ میں گذارا۔ ادبی اور عربی علوم وفنون اور مباحث حدیث پر مشتمل یہ گرانقدر کتاب خالص علماء اور عربی دانوں کے استفادہ کی چیز ہے۔ اور ان حلقوں کے لئے ایک دلچسپ اور مفید تحفہ بھی۔

(سمیع الحق)

اصلاحی نصاب مؤلف: حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ، صفحات: ۵۰۰، قیمت ۹۰/ روپے
ناشر: مکتبہ رشیدیہ لمیٹڈ۔ شاہ عالم مارکیٹ، لاہور۔

ماضی قریب کے مصلحین اُمت میں مولانا اشرف علی تھانویؒ کا مقام بہت نمایاں ہے۔ مرحوم نے ۱۳۰۱ھ میں دارالعلوم دیوبند سے سندِ فضیلت حاصل کی اور آخر دم تک مسلمان معاشرے کی اصلاح وتہذیب میں معروف رہے۔ انہوں نے آخری عمر میں "مجلس صیانۃ المسلمین" کے نام سے ایک اصلاحی تنظیم قائم کی تھی۔ اس تنظیم کے تربیتی نصاب میں مندرجہ ذیل کتابیں شامل تھیں۔

۱۔ حیات المسلمین ۲۔ حقوق الاسلام ۳۔ حقوق الوالدین ۴۔ آداب معاشرت
۵۔ اغلاط العوام ۶۔ جزاء الاعمال ۷۔ فروع الایمان ۸۔ تعلیم الدین ۹۔ قصد السبیل

مکتبہ رشیدیہ نے متذکرۃ الصدر کتابوں کو یکجا کر دیا ہے، اور اسے "اصلاحی نصاب" کا نام دیا ہے۔ "حیات المسلمین" جو اس مجموعہ کی پہلی کتاب ہے۔ اس میں ایک باب صوفی محمد اقبال قریشی صاحب خلیفہ مجاز مفتی محمد شفیع مرحوم کے قلم سے ہے اور "مقدمہ حیات المسلمین" خود مفتی صاحب مرحوم کا اضافہ کردہ ہے۔ "قصد السبیل" عام فہم رسالہ نہیں ہے۔ اس لئے مولانا تھانویؒ کے متوسل شاہ لطف رسول صاحب نے اس کی تسہیل کی تھی اور حضرت مؤلف کی اجازت سے کچھ اہم اضافے بھی کئے تھے۔

"اصلاحی نصاب" حضرت تھانویؒ کے مطالعہ اور تجربہ کا نچوڑ ہے۔ اور کوئی وجہ نہیں کہ اسے عام کرنے سے معاشرے کی اصلاح نہ ہو۔

(اختر راہی)